[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

# A

# BILL

*to mandate poliomyelitis immunization, reinforce disease surveillance, safeguard frontline health workers and rehabilitation of polio affected persons*

**WHEREAS** it is expedient to provide for compulsory poliomyelitis immunization, strengthened disease surveillance, protection of frontline workers, rehabilitation and support for polio affected persons, and for matters connected therewith and incidental thereto;

**WHEREAS** the continued threat of poliovirus, arising from gaps in immunization, contaminated water, and insufficient sanitation, necessitates a comprehensive action plan, improved public health measures, and strict compliance with international health regulations to ensure the eradication of poliomyelitis;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title, extent, and commencement.** – (1) This Bill shall be called the Polio Eradication and Rehabilitation Bill, 2026.

   (2) It shall extend to the whole of Islamabad Capital Territory.

   (3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** – (1) In this Act, unless the context otherwise requires, —

   (a) "AFP" means Acute Flaccid Paralysis Surveillance conducted in accordance with World Health Organization (WHO) standards;

   (b) "Court" means Court of Magistrate of the first class;

   (c) "eligible child" means any child under the age of ten years or as notified by the Ministry;

   (d) "frontline worker" means any polio vaccinator, health worker, social mobilizer, supervisor, or support staff engaged in polio eradication activities;

   (e) "high-risk area" means any district, tehsil, Union Council, or specific locality prioritised by the Ministry based on epidemiological, demographic, environmental, or operational indicators associated with persistent or increased poliovirus transmission;

   (f) "medical contraindication certificate" means a certificate issued and verified, in the prescribed form by a registered medical practitioner in accordance with WHO guidelines certifying that polio vaccination is temporarily or permanently contraindicated;

   (g) "Ministry" means the Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination;

   (h) "polio vaccination certificate" means an official, verifiable record issued through the National Immunisation Management System (NIMS) or any other system notified by the Ministry, confirming that a child has received the required doses of the polio vaccine; and

(i) "refusal" means willful obstruction, denial, or prevention of vaccination without a verified medical contraindication.

(2) Words and expressions used but not defined in this Act shall have the same meanings as respectively assigned to them in the laws relating to public health for the time being in force in Pakistan or, in the absence of such statutory definition, as defined in the technical guidelines and standards issued by the World Health Organization.

3. **Mandatory polio immunization.** – (1) Every eligible child shall receive all doses of oral and inactivated polio vaccine in accordance with the national immunization schedule and supplementary immunization activities.

(2) Upon the successful administration of the polio vaccine to an eligible child, an Immunization Certificate shall be issued through NIMS, operated by National Database and Registration Authority (NADRA), in accordance with the prescribed procedure provided by the Rules made under this Act;

(3) No parent or guardian shall wilfully refuse or obstruct the vaccination of an eligible child, except on the basis of a valid medical contraindication certificate.

4. **Compliance through administrative linkages.** – (1) To ensure high and sustained polio immunization coverage in an equitable and operationally feasible manner, the Federal Government shall implement the following measures:

(a) No birth certificate shall be issued unless the parent or guardian provides proof of the birth dose of polio vaccine or undertakes to present the child for vaccination within fifteen days:

Provided that provisional registration shall be granted immediately, and no child shall be denied permanent registration solely for non-vaccination.

(b) Educational institutions shall require a valid polio vaccination certificate at first admission of a child under ten years:

Provided that where the certificate is not produced, the child shall be referred to the nearest vaccination facility and allowed provisional admission for up to thirty days.

(c) Candidates below eighteen years appearing for secondary or higher secondary examinations shall produce a valid polio vaccination certificate, except where a medical contraindication certificate is presented.

(d) No passport shall be issued or renewed for a person below eighteen years unless a valid polio vaccination certificate is presented:

Provided that an undertaking to complete vaccination within thirty days shall suffice, subject to verification through the NIMS.

(2) The Federal Government shall ensure,

(a) deployment of mobile and outreach vaccination teams;

(b) integration of polio vaccination with routine immunization and maternal and child health services; and

(c) provision of free catch-up vaccination at all service points.

(3) The Ministry may, by notification in the official Gazette,

(a) prescribe forms and procedures for vaccination certificates, undertakings, and medical contraindication certificates;

(b) specify verification procedures and timelines; and

(c) grant exemptions where strict enforcement would cause undue hardship.

(4) No child shall be denied any fundamental right, including education, identity, or freedom of movement, solely for non-vaccination.

**5. National Polio Eradication Strategy.** – (1) The Ministry shall, within six months of the commencement of this Act, formulate and notify a National Polio Eradication Strategy for the Islamabad Capital Territory for a period of five years, renewable as required.

(2) The Strategy shall provide for; -

(a) attainment and maintenance of not less than ninety-five percent immunization coverage through routine and supplementary immunization;

(b) sensitive AFP and environmental surveillance in accordance with internationally accepted standards;

(c) preparedness for rapid outbreak response and containment; and

(d) integration of water, sanitation, and hygiene interventions in polio high-risk areas.

(3) The Ministry shall review and, where necessary, update the National Polio Eradication Strategy at least once every two years or earlier in response to epidemiological developments.

**6. Water, sanitation, and hygiene in polio High-Risk areas.** – (1) The Ministry shall prioritise polio high-risk areas within the Islamabad Capital Territory for the provision of safe drinking water, sanitation, and hygiene interventions as an integral component of polio eradication.

(2) Without prejudice to the generality of sub-section (1), the Federal Government shall ensure that;-

(a) each notified high-risk Union Council is provided with adequate community-level water treatment facilities within such period as may be prescribed;

(b) measures are undertaken to achieve open-defecation-free status in high-risk Union Councils; and

(c) hygiene promotion activities are integrated with polio vaccination campaigns.

**7. Protection and welfare of frontline polio workers.** – (1) Whoever threatens, assaults, intimidates, or obstructs a frontline polio worker in the lawful discharge of duties under this Act shall be punishable;-

(a) with imprisonment which may extend to seven years and with fine; or

(b) where such an act results in grievous hurt or death, with punishment under the Pakistan Penal Code, 1860.

(2) The Federal Government shall ensure appropriate security arrangements for vaccination teams during campaigns and transit in notified high-risk areas of the Islamabad Capital Territory.

(3) The Federal Government shall establish a frontline polio workers welfare fund for the purposes of providing,

(a) life insurance;

(b) compensation for accidental death or permanent disability;

(c) medical treatment and injury compensation; and

(d) performance-based incentives.

(4) Every frontline polio worker shall be issued an official identity card, which shall be deemed proof of official duty for the purposes of this Act.

**8. Risk communication and prevention of misinformation.** – (1) The Ministry, in coordination with relevant digital media regulators and health authorities, shall implement a coordinated framework for risk communication and stakeholder engagement to counteract vaccine-related misinformation, specifically through the dissemination of evidence-based information on electronic, digital and social media platforms.

(2) Whoever, with the intent to obstruct the national immunization programme, creates, publishes, or disseminates false information or data through social media or any other platform, shall be punishable with a fine which may extend to one hundred thousand rupees, or with simple imprisonment for a term which may extend to three months, or with both.

**9. Refusal of Polio Vaccination.** – (1) Where a parent or guardian, notwithstanding the provision of no fewer than three documented opportunities for vaccination, each accompanied by formal counselling, wilfully withholds consent for the administration of the polio vaccine to an eligible child in the absence of a certified medical contraindication, such person shall be liable to:

(a) **for a first offence**: a fine which may extend to fifty thousand rupees; and

(b) **for a subsequent offence:** a fine which may extend to one hundred thousand rupees.

(2) In addition to the penalties prescribed under sub-section (1), the Court may issue a mandatory direction for the production of the child for vaccination within a specified period, not exceeding fifteen days.

(3) Any person who fails to comply with a direction issued by the Court under sub-section (2) shall be punishable with simple imprisonment for a term which may extend to one month.

(4) No court shall take cognizance of an offence under this section except upon a complaint in writing made by the designated health authority.

(5) All fines realised under this section shall be credited to the frontline polio workers welfare fund.

(6) Notwithstanding anything contained in the Code, an offence punishable under this Act shall be bailable, compoundable and non-cognizable.

(7) No Court other than the Court of District and Session Judge shall take cognizance of or try any offence punishable under this Act, and every such offence shall be tried in accordance with the procedure laid down in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898).

**10. Rehabilitation Services for Polio-Affected Children.** – (1) The Federal Government shall ensure the availability of free and comprehensive rehabilitation services for polio-affected children within the Islamabad Capital Territory.

(2) Such services shall include; -

(a) medical assessment and diagnosis;

(b) physiotherapy, occupational therapy, and gait training;

(c) corrective and reconstructive surgeries, where required;

(d) provision and periodic replacement of mobility aids, including orthotic devices, calipers, wheelchairs, crutches and prosthetics;

(e) psychological counselling for the child and family; and

(f) community-based rehabilitation and home-based follow-up care

(3) The Ministry shall establish or designate District Polio Rehabilitation Centres to provide multidisciplinary rehabilitation services.

(4) Every confirmed polio-affected child shall be referred to a Rehabilitation Centre within such time and in such manner as may be prescribed.

**11. Socio-economic empowerment of polio-affected persons.** – (1) The Federal Government shall facilitate access to skills training and vocational development programmes for polio-affected persons from the age of sixteen years onwards.

(2) Such programmes shall be implemented through notified technical and vocational institutions with reasonable accommodation and accessible facilities.

(3) Eligible persons may be linked, in accordance with law, with employment opportunities, entrepreneurship support and applicable disability-based employment schemes.

**12. National Polio Registry.** – (1) The Federal Government shall establish and maintain a National Polio Registry for centralized recording and monitoring of polio cases, rehabilitation services and related entitlements within the Islamabad Capital Territory.

(2) The Registry shall record, at minimum:

(a) demographic and contact details;

(b) clinical diagnosis, AFP classification, and mobility status;

(c) rehabilitation needs assessments and Individual Rehabilitation Plans (IRPs);

(d) assistive devices provided, including dates of issuance and replacement;

(e) follow-up reviews and progress reports;

(f) education status, school enrolment and inclusive services;

(g) skills training and vocational programmes for eligible individuals; and

(h) social protection entitlements and linkages with welfare programmes

(3) Designated health facilities shall furnish and update information in the Registry in such manner and within such time as may be prescribed.

**13. Power to Make Rules.** – The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules to carry out the purposes of this Act.

**14. Removal of Difficulties.** –If any difficulty arises in giving effect to the provisions of this Act, the Federal Government may take such measures, not inconsistent with this Act, as may be necessary to remove the difficulty.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Pakistan remains one of the only two countries where wild poliovirus continues to paralyse children. Persistent transmission is driven by gaps in immunization coverage, vaccine refusal, inadequate sanitation and weaknesses in coordination and enforcement. Effective eradication requires a clear statutory framework establishing uniform minimum standards for immunization, surveillance, protection of frontline workers and rehabilitation of affected children, implemented in a manner consistent with the Constitution.

This Bill seeks to strengthen the national legal framework for polio eradication by prescribing compulsory immunization standards, proportionate legal measures to address persistent refusal while safeguarding fundamental rights, enhanced protection and welfare for frontline workers, prioritisation of water and sanitation in high-risk areas, guaranteed rehabilitation and social inclusion for polio-affected children.

**SD/-**
**SYED WASEEM HUSSAIN,**

**Members, National Assembly**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# لازمی پولیو ویکسینیشن، بیماری کی بہتر نگرانی، فرنٹ لائن کارکنان کے تحفظ اور پولیو سے متاثرہ افراد کی بحالی کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ لازمی پولیو ویکسینیشن، بیماری کی بہتر نگرانی، فرنٹ لائن کارکنان کے تحفظ، پولیو سے متاثرہ افراد کی بحالی و امداد اور اس سے متعلقہ اور اسکے ضمنی امور کے لیے احکام وضع کیے جائیں؛

اور چونکہ ویکسینیشن میں کمی، آلودہ پانی، اور صفائی کے ناقص انتظامات کی وجہ سے پولیو وائرس کا مسلسل خطرہ برقرار ہے جس کے لیے ایک جامع لائحہ عمل، بہتر صحت عامہ کے اقدامات، اور پولیو کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی صحت کے ضوابط پر سختی سے تعمیل ضروری ہے؛

بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔-** (۱) یہ بل پولیو کا خاتمہ و بحالی بل، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔-** (۱) اس ایکٹ میں، جب تک کہ سیاق سے کچھ اور ظاہر ہو:

(الف) "اے ایف پی" سے مراد ایکیوٹ فلیسڈ پیرالائسس کی نگرانی ہے جو عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے معیار کے مطابق کی جائے؛

(ب) "عدالت" سے مراد درجہ اول کے مجسٹریٹ کی عدالت ہے؛

(ج) "اہل بچہ" سے مراد دس سال سے کم عمر کا کوئی بچہ ہے یا جیسا کہ جو وزارت کی طرف سے اعلان کیا گیا ہو؛

(د) "فرنٹ لائن کارکن" سے مراد کوئی بھی پولیو ویکسینیٹر، ہیلتھ ورکر، سوشل موبلائزر، سپر وائزر، یا معاون عملہ ہے جو پولیو کے خاتمے کی سرگرمیوں میں مصروف ہو؛

(ہ) "زیادہ خطرے والا علاقہ" سے مراد کوئی ضلع، تحصیل، یونین کونسل، یا مخصوص علاقہ ہے جسے وزارت نے وبائی امراض، آبادیاتی، ماحولیاتی، یا آپریشنل اشاریوں کی بنیاد پر ترجیح دی ہو جہاں پولیو وائرس کی منتقلی کا خطرہ مسلسل یا زیادہ ہو؛

(و) "طبّی موانع استعمال سرٹیفکیٹ" سے مراد ایک ایسا سرٹیفکیٹ ہے جو مقررہ فارم پر کسی رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کی طرف سے ڈبلیو ایچ او کے رہنما خطوط کے مطابق جاری اور تصدیق شدہ ہو، جس میں یہ تصدیق کی گئی ہو کہ پولیو کی ویکسینیشن عارضی یا مستقل طور پر ممنوع ہے؛

(ز) "وزارت" سے مراد وزارت برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت ہے؛

(ح) "پولیو ویکسینیشن سرٹیفکیٹ" سے مراد قومی ویکسینیشن کے انتظام کا نظام (این آئی ایم ایس) یا وزارت کے نوٹیفائی کردہ کسی دوسرے سسٹم کے ذریعے جاری کردہ ایک سرکاری اور قابل تصدیق ریکارڈ ہے، جو اس بات کی تصدیق کرتا ہو کہ بچے نے پولیو ویکسین کی مطلوبہ خوراکیں لے لی ہیں؛ اور

(i) "انکار" سے مراد کسی تصدیق شدہ طبّی معاونت کے بغیر ویکسینیشن میں جان بوجھ کر رکاوٹ ڈالنا، انکار کرنا یا اسے روکنا ہے۔

(۲) وہ الفاظ اور اصطلاحات جو اس ایکٹ میں استعمال ہوئی ہیں لیکن ان کی تعریف نہیں کی گئی، ان کے وہی معنی ہوں گے جو پاکستان میں نافذ العمل عوامی صحت سے متعلقہ قوانین میں دیے گئے ہیں، یا ایسی قانونی تعریف کی عدم موجودگی میں، وہ معنی مراد ہوں گے جو عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے جاری کردہ تکنیکی رہنما خطوط اور معیارات میں بیان کیے گئے ہیں۔

۳۔ **لازمی پولیو ویکسینیشن**۔ (۱) ہر ایک اہل بچہ کو قومی ویکسینیشن جدول اور ضمنی ویکسینیشن سرگرمیوں کے مطابق قطرے پلائے جائیں گے اور ان ایکٹیویٹڈ پولیو ویکسین کی تمام خوراکیں لگائی جائیں گی۔

(۲) کسی اہل بچے کو پولیو ویکسین پلانے/لگانے کے بعد، اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد میں فراہم کردہ طریقہ کار کے مطابق، نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے زیر انتظام (این آئی ایم ایس) کے ذریعے ایک ویکسینیشن سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

(۳) کوئی بھی والدین یا سرپرست، کسی مستند طبّی موانع استعمال سرٹیفکیٹ کے بغیر، جان بوجھ کر کسی اہل بچے کی ویکسینیشن سے انکار نہیں کریں گے اور نہ ہی اس میں رکاوٹ ڈالیں گے۔

۴۔ **انتظامی روابط کے ذریعے تعمیل**۔ (۱) منصفانہ اور آپریشنل طور پر ممکنہ طریقے سے پولیو ویکسینیشن کی بلند اور مستقل کوریج کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی حکومت درج ذیل اقدامات نافذ کرے گی:

(الف) کوئی پیدائشی سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا جب تک کہ والدین یا سرپرست پولیو ویکسین کی پیدائشی خوراک کا ثبوت فراہم نہ کریں یا پندرہ دن کے اندر بچے کو ویکسینیشن کے لیے پیش کرنے کا عہد نہ کریں:

مگر شرط یہ ہے کہ عارضی رجسٹریشن فوری طور پر دے دی جائے گی، اور کسی بھی بچے کو محض ویکسینیشن نہ ہونے کی بنیاد پر مستقل رجسٹریشن سے محروم نہیں رکھا جائے گا۔

(ب) تعلیمی ادارے دس سال سے کم عمر بچے کے پہلے داخلے کے وقت پولیو ویکسینیشن کا کارآمد سرٹیفکیٹ طلب کریں گے:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں سرٹیفکیٹ پیش نہ کیا جائے، وہاں بچے کو قریب ترین ویکسینیشن سینٹر بھیجا جائے گا اور تیس دن تک کے لیے عارضی داخلے کی اجازت دی جائے گی۔

(ج) سیکنڈری یا ہائر سیکنڈری امتحانات میں شامل ہونے والے اٹھارہ سال سے کم عمر امیدوار پولیو ویکسینیشن کا کارآمد سرٹیفکیٹ پیش کریں گے، ماسوائے ان صورتوں کے جہاں طبّی معذرت کا سرٹیفکیٹ پیش کیا جائے۔

(د) اٹھارہ سال سے کم عمر کسی بھی شخص کے لیے پاسپورٹ جاری یا تجدید نہیں کیا جائے گا جب تک کہ پولیو ویکسینیشن کا کارآمد سرٹیفکیٹ پیش نہ کیا جائے:

مگر شرط یہ ہے کہ تیس دن کے اندر ویکسینیشن مکمل کرنے کا اقرار نامہ کافی ہوگا، جو کہ این آئی ایم ایس کے ذریعے تصدیق سے مشروط ہوگا۔

(۲) وفاقی حکومت درج ذیل امور کو یقینی بنائے گی:

(الف) موبائل اور آؤٹ ریچ ویکسینیشن ٹیموں کی تعیناتی؛

(ب) پولیو ویکسینیشن کو معمول کی حفاظتی ٹیکوں اور ماں و بچے کی صحت کی خدمات کے ساتھ مربوط کرنا؛ اور

(ج) تمام سروس پوائنٹس پر مفت کیچ اپ ویکسینیشن کی فراہمی۔

(۳) وزارت، سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے،

(الف) ویکسینیشن سرٹیفکیٹس، حلف ناموں، اور طبی معذرت کے سرٹیفکیٹس کے لیے فارم اور طریقہ کار وضع کر سکتی ہے؛

(ب) تصدیقی طریقہ کار اور ٹائم لائنز (مدت) کا تعین کر سکتی؛ اور

(ج) ایسی صورتوں میں استثنیٰ دے سکتی ہے جہاں سختی سے نفاذ غیر ضروری مشکلات کا باعث بنے۔

(۴) کسی بھی بچے کو محض ویکسینیشن نہ ہونے کی بنیاد پر کسی بھی بنیادی حق سے محروم نہیں کیا جائے گا، جس میں تعلیم، شناخت، یا نقل و حرکت کی آزادی شامل ہے۔

۵۔ **انسدادِ پولیو کی قومی حکمت عملی۔-** (۱) وزارت، اس ایکٹ کے نفاذ کے چھ ماہ کے اندر، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے لیے پانچ سال کی مدت کے لیے ایک قومی انسدادِ پولیو حکمتِ عملی مرتب اور مشتہر کرے گی، جس میں ضرورت کے مطابق تجدید کی جا سکے گی۔

(۲) یہ حکمتِ عملی درج ذیل امور فراہم کرے گی:۔

(الف) معمول کی اور ضمنی حفاظتی ٹیکوں کی مہمات کے ذریعے کم از کم پچانوے فیصد ویکسینیشن کوریج کا حصول اور اسے برقرار رکھنا؛

(ب) بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ معیارات کے مطابق حساس اے ایف پی اور ماحولیاتی نگرانی؛

(ج) وباء پر فوری ردعمل اور اس پر قابو پانے کی تیاری؛ اور

(د) پولیو کے زیادہ خطرے والے علاقوں میں پانی، صفائی ستھرائی، اور حفظان صحت کے اقدامات کا انضمام۔

(۳) وزارت ہر دو سال میں کم از کم ایک بار، یا وبائی امراض کی صورتحال کے پیشِ نظر اس سے پہلے، قومی انسدادِ پولیو حکمتِ عملی کا جائزہ لے گی اور جہاں ضروری ہو اسے اپ ڈیٹ کرے گی۔

۶۔ **پولیو کے زیادہ خطرے والے علاقوں میں پانی، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت۔۔** (۱) وزارت، پولیو کے خاتمے کے ایک لازمی جزو کے طور پر علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے اندر پولیو کے زیادہ خطرے والے علاقوں کو پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی، اور حفظانِ صحت کے اقدامات کی فراہمی کے لیے ترجیح دے گی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی عمومیت کو متاثر کیے بغیر، وفاقی حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ:

(الف) ہر مشتہر شدہ زیادہ خطرہ والی یونین کونسل کو مقررہ مدت کے اندر کمیونٹی کی سطح پر پانی صاف کرنے کی مناسب سہولیات فراہم کی جائیں؛

(ب) زیادہ خطرہ والی یونین کونسلوں کو کھلے عام رفع حاجت سے پاک بنانے کے اقدامات کیے جائیں؛ اور

(ج) حفظان صحت کے فروغ کی سرگرمیوں کو پولیو ویکسینیشن مہمات کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

۷۔ **فرنٹ لائن پولیو کارکنان کا تحفظ اور بہبود۔۔** (۱) جو کوئی بھی اس ایکٹ کے تحت فرائض کی قانونی انجام دہی کے دوران کسی فرنٹ لائن پولیو کارکن کو دھمکائے گا، حملہ کرے گا، ڈرائے دھمکائے گا یا اس کے کام میں رکاوٹ ڈالے گا، اسے سزا دی جائے گی:

(الف) قید کی سزا جو سات سال تک ہو سکتی ہے اور مع جرمانہ؛ یا

(ب) جہاں ایسا عمل شدید زخمی کرنے یا موت کا باعث بنے، وہاں تعزیراتِ پاکستان، ۱۸۶۰ء کے تحت سزا دی جائے گی۔

(۲) وفاقی حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے مشتہر شدہ زیادہ خطرہ والے علاقوں میں مہمات اور نقل و حرکت کے دوران ویکسینیشن ٹیموں کے لیے مناسب سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنائے گی۔

(۳) فاقی حکومت فرنٹ لائن پولیو کارکنان کی بہبود کا فنڈ قائم کرے گی جس کا مقصد حسب ذیل فراہم کرنا ہو گا۔

(الف) بیمہ زندگی؛

(ب) حادثاتی موت یا مستقل معذوری کی صورت میں معاوضہ؛

(ج) طبّی علاج اور چوٹ کا معاوضہ؛ اور

(د) کارکردگی کی بنیاد پر مراعات۔

(۴) ہر فرنٹ لائن پولیو کارکن کو ایک سرکاری شناختی کارڈ جاری کیا جائے گا، جسے اس ایکٹ کے مقاصد کے لیے سرکاری ڈیوٹی کا ثبوت تصور کیا جائے گا۔

۸۔ **خطرات سے آگاہی اور غلط معلومات کی روک تھام۔۔** (۱) وزارت، متعلقہ ڈیجیٹل میڈیا انضباط کار اور صحت کے حکام کے ساتھ مل کر خاص طور پر الیکٹرانک، ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مستند معلومات کی تشہیر کے ذریعے ویکسین سے متعلق غلط معلومات کا مقابلہ کرنے کے لیے خطرات سے آگاہی اور اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کا ایک مربوط فریم ورک نافذ کرے گی۔

(۲) جو کوئی بھی، قومی حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام میں رکاوٹ ڈالنے کے ارادے سے، سوشل میڈیا یا کسی دوسرے پلیٹ فارم کے ذریعے غلط معلومات یا ڈیٹا تیار کرے گا، شائع کرے گا یا پھیلائے گا، اسے جرمانے کی سزا دی جائے گی جو ایک لاکھ روپے تک ہو سکتی ہے، یا قید محض جس کی مدت تین ماہ تک ہو سکتی ہے، یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔

**۹۔ پولیو ویکسینیشن سے انکار۔** (۱) جہاں کوئی والدین یا سرپرست، ویکسینیشن کے لیے کم از کم تین دستاویزی مواقع (جن کے ساتھ باقاعدہ مشاورت/کونسلنگ بھی شامل ہو) فراہم کیے جانے کے باوجود، کسی مصدقہ طبّی معذرت کی عدم موجودگی میں جان بوجھ کر اہل بچے کو پولیو ویکسین پلانے کی اجازت دینے سے انکار کرے، تو ایسا شخص ذمہ دار ہو گا:

(الف) پہلی مرتبہ ارتکاب جرم پر: جرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے؛ اور

(ب) دوبارہ ارتکاب جرم پر: جرمانہ جو ایک لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت مقررہ سزاؤں کے علاوہ، عدالت زیادہ سے زیادہ پندرہ دن کی مخصوص مدت کے اندر بچے کو ویکسینیشن کے لیے پیش کرنے کا لازمی حکم جاری کر سکتی ہے۔

(۳) کوئی بھی شخص جو ذیلی دفعہ (۲) کے تحت عدالت کی طرف سے جاری کردہ حکم کی تعمیل کرنے میں ناکام رہے گا، اسے قید محض کی سزا دی جائے گی جس کی مدت ایک ماہ تک ہو سکتی ہے۔

(۴) کوئی بھی عدالت اس دفعہ کے تحت کسی جرم کا نوٹس نہیں لے گی سوائے اس کے کہ نامزد کردہ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے تحریری شکایت موصول ہو۔

(۵) اس دفعہ کے تحت حاصل ہونے والے تمام جرمانے فرنٹ لائن پولیو ورکرز ویلفیئر فنڈ میں جمع کیے جائیں گے۔

(۶) ضابطہ میں درج کسی بھی بات کے باوجود، اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم قابل ضمانت، قابل مصالحت اور ناقابل دست اندازی پولیس ہو گا۔

(۷) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت کے علاوہ کوئی بھی عدالت اس ایکٹ کے تحت قابل سزا کسی جرم کا نوٹس نہیں لے گی اور نہ ہی سماعت کرے گی، اور ہر ایسے جرم کی سماعت مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

**۱۰۔ پولیو سے متاثرہ بچوں کے لیے بحالی کی خدمات۔** (۱) وفاقی حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے اندر پولیو سے متاثرہ بچوں کے لیے مفت اور جامع بحالی کی خدمات کی دستیابی کو یقینی بنائے گی۔

(۲) ایسی خدمات میں حسب ذیل شامل ہوں گی؛

(الف) طبّی معائنہ اور تشخیص؛

(ب) فزیوتھراپی، آکیوپیشنل تھراپی، اور چلنے پھرنے کی تربیت؛

(ج) جہاں ضرورت ہو، اصلاحی اور تعمیر نو کی سرجریز؛

(د) نقل و حرکت میں مدد گار آلات کی فراہمی اور وقتاً فوقتاً ان کی تبدیلی، بشمول آرتھوٹک ڈیوائسز، کیلیپرز، وہیل چیئرز، بیساکھیاں اور مصنوعی اعضاء؛

(ہ) بچے اور خاندان کے لیے نفسیاتی مشاورت؛ اور

(و) کمیونٹی کی سطح پر بحالی اور گھر کی سطح پر فالواپ دیکھ بھال۔

(۳) وزارت کثیر الشعبہ بحالی کی خدمات فراہم کرنے کے لیے ضلعی پولیو بحالی مراکز قائم کرے گی یا نامزد کرے گی۔

(۴) پولیو سے متاثرہ ہر تصدیق شدہ بچے کو مقررہ وقت اور طریقے کے مطابق بحالی مرکز میں ریفر کیا جائے گا۔

**۱۱۔ پولیو سے متاثرہ افراد کی سماجی و اقتصادی بااختیاری۔** (۱) وفاقی حکومت سولہ سال یا اس سے زائد عمر کے پولیو سے متاثرہ افراد کے لیے فنی تربیت اور پیشہ ورانہ ترقی کے پروگراموں تک رسائی میں سہولت فراہم کرے گی۔

(۲) ایسے پروگراموں کو مشتہر شدہ تکنیکی اور پیشہ ورانہ اداروں کے ذریعے معقول رہائش اور قابل رسائی سہولیات کے ساتھ نافذ کیا جائے گا۔

(۳) اہل افراد کو قانون کے مطابق روزگار کے مواقع، کاروباری معاونت اور معذوری کی بنیاد پر ملازمت کی اسکیموں کے ساتھ منسلک کیا جا سکتا ہے۔

**۱۲۔ نیشنل پولیو رجسٹری۔** (۱) وفاقی حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے اندر پولیو کیسز، بحالی کی خدمات اور متعلقہ حقوق کی مرکزی ریکارڈنگ اور نگرانی کے لیے ایک 'نیشنل پولیو رجسٹری' قائم کرے گی اور اسے برقرار رکھے گی۔

(۲) رجسٹری میں کم از کم درج ذیل معلومات ریکارڈ ہوں گی:

(الف) آبادیاتی اور رابطے کی تفصیلات؛

(ب) طبّی تشخیص، اے ایف پی کی درجہ بندی، اور نقل و حرکت کی صورتحال

(ج) بحالی کی ضروریات کا تخمینہ اور انفرادی بحالی کے منصوبے (آئی آر پیز)؛

(د) فراہم کردہ امدادی آلات، بشمول ان کے جاری ہونے اور تبدیلی کی تاریخیں؛

(ہ) فالواپ جائزے اور پیش رفت کی رپورٹیں؛

(و) تعلیمی حیثیت، اسکول میں داخلہ اور جامع خدمات؛

(ز) اہل افراد کے لیے فنی تربیت اور پیشہ ورانہ پروگرام؛ اور

(ح) سماجی تحفظ کے حقوق اور فلاحی پروگراموں کے ساتھ وابستگی۔

(۳) نامزد کردہ صحت کے مراکز رجسٹری میں معلومات فراہم کریں گے اور اسے مقررہ طریقے اور وقت کے اندر اپ ڈیٹ کریں گے۔

**۱۳۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت، سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۱۴۔ **مشکلات کا ازالہ۔** اگر ایکٹ ہذا کی تصریحات کا نفاذ کرنے میں کوئی دشواری درپیش آتی ہے، تو وفاقی حکومت ایسے اقدامات جو اس ایکٹ سے متصادم نہ ہوں اور جو مشکلات کو دور کرنے کے لئے ضروری ہوں، کر سکتی ہے۔

## بیان اغراض و وجوہ

پاکستان دنیا کے محض ان دو ممالک میں سے ایک ہے جہاں وائلڈ پولیو وائرس اب بھی بچوں کو معذور کر رہا ہے۔ اس وائرس کا مسلسل پھیلاؤ حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں کمی، ویکسین سے انکار، صفائی ستھرائی کے ناقص نظام اور کوآرڈینیشن و نفاذ کی کمزوریوں کی وجہ سے ہے۔ پولیو کے موثر خاتمے کے لیے ایک واضح قانونی ڈھانچے کی ضرورت ہے جو حفاظتی ٹیکوں، نگرانی، فرنٹ لائن ورکرز کے تحفظ اور متاثرہ بچوں کی بحالی کے لیے یکساں کم از کم معیار قائم کرے، اور جسے آئین پاکستان کے مطابق نافذ کیا جائے۔

اس بل کا مقصد پولیو کے خاتمے کے قومی قانونی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے جس کے لیے لازمی حفاظتی ٹیکوں کے معیار مقرر کیے جائیں گے، بنیادی حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ مسلسل انکار کے معاملے سے نمٹنے کے لیے متناسب قانونی اقدامات کیے جائیں گے، فرنٹ لائن ورکرز کے تحفظ اور بہبود کو بہتر بنایا جائے گا، زیادہ خطرے والے علاقوں میں پانی اور صفائی ستھرائی کو ترجیح دی جائے گی، اور پولیو سے متاثرہ بچوں کے لیے بحالی اور سماجی شمولیت کی ضمانت دی جائے گی۔

دستخط/-

سید وسیم حسین

اراکین، قومی اسمبلی